20093 - شیعہ کے پیچھے نماز ادا کرنے کا حکم

سوال

کیا ہم شیعہ شخص کے پیچھے نماز ادا کر سکتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شیعہ کے پیچھے نماز ادا کرنے کا حکم معلوم کرنے کے لیے ہمیں شیعہ کا عقیدہ ضرور جاننا ہو گا.

شیعہ کا عقیدہ معلوم کرنے کے لیے سوال نمبر (4569) کے جواب کا ضرور مطالعہ کریں کیونکہ یہ بہت اہم ہے.

ایسی حالت والے شخص کے پیچھے نماز ادا کرنے کے متعلق شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے:

سب مشرکوں کے پیچھے نماز ادا کرنا جائز نہیں، ان میں غیر اللہ سے مدد طلب کرنے والے بھی شامل ہیں، کیونکہ غیر اللہ چاہے وہ فوت شدگان ہوں یا بت اور جنوں سے مدد طلب کرنا یہ سب اللہ سبحانہ وتعالی کے ساتھ شرک ہے..

دیکھیں: فتاوی الشیخ ابن باز (2 / 396).

اور ان کا کہنا ہے:

ہر وہ امام جس کے متعلق یہ پتہ چل جائے کہ وہ آل بیت کے متعلق غلو کر رہا ہے اس کے پیچھے نماز ادا نہیں کی جائیگی.

اور جس کے متعلق یہ معروف نہ ہو اور دوسرے مسلمانوں کے پیچھے نماز ادا کی جائیگی.

دیکھیں: فتاوی الشیخ ابن باز (12 / 107).

واللہ اعلم .